# قواعد

(۱) واحد کے ساتھ اُن کی جمع لکھیے۔

خواتین ۔ قوانین ۔ جراثیم ۔ مساکین ۔ تدابیر ۔ تراکیب ۔ تفاسیر
شیاطین ۔ مشاہیر ۔ تواریخ ۔ مضامین ۔ سلاطین

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مشہور | مشاہیر | مضمون | مضامین | ترکیب | تراکیب |
| خاتون | خواتین | شیطان | شیاطین | تدبیر | تدابیر |
| جرثومہ | جراثیم | قانونُ | قوانین | تفسیر | تفاسیر |
| تاریخ | تواریخ | سُلطان | سلاطین | مِسکین | مساکین |

(۲) نیچے ہر جملے کے ساتھ الفاظ متضاد کا ایک جوڑا دیا گیا ہے۔ آپ جملے کو غور سے پڑھیے اور الفاظ متضاد میں سے درست لفظ کا انتخاب کر کے جملہ مکمل کیجیے۔

(i) اخلاقی __پستی__ انسان کی سب سے بڑی خامی ہے۔ (اوج ۔ پستی)

(ii) پاکستان دُنیا بھر میں آم __برآمد__ کرنے والا بڑا مُلک ہے۔ (درآمد ۔ برآمد)

(iii) انسان کا لہجہ اگر __شیریں__ ہو تو __تلخ__ بات بھی بُری نہیں لگتی۔ (تلخ ۔ شیریں)

(iv) آج کے __جدید__ دور کے برعکس، __قدیم__ دور میں انسانوں کے پاس مل بیٹھنے اور دُکھ سُکھ بانٹنے کا وقت ہوتا تھا۔ (قدیم ۔ جدید)

(v) پاکستان اُسی صُورت میں __ترقی__ کر سکتا ہے جب ہم سب ایک قوم بن کر سوچیں۔ (ترقی ۔ تنزلی)

(vi) __ساکن__ پانی میں پتھر پھینکو تو لہریں __متحرک__ ہو جاتی ہیں۔ (ساکن ۔ مُتحرک)

(vii) __جہالت__ کے اندھیرے دُور کر کے اسلام نے ہر طرف __علم__ کی روشنی پھیلا دی۔ (جہالت ۔ علم)

(viii) __بنجر__ زمین کو __زرخیز__ بنانے کے لیے ہمت، محنت اور اچھی کھاد کی ضرورت ہوتی ہے۔ (بنجر ۔ زرخیز)

(۳) تخلص وہ خاص نام ہوتا ہے جو شاعر اپنی شاعری میں اپنے نام کی جگہ استعمال کرتے ہیں، یہ کوئی فرضی نام بھی ہو سکتا ہے اور اپنا اصل نام بھی تخلص کے طور پر استعمال کیا جا سکتا ہے، جیسے کہ فیض احمد فیضؔ نے اپنا اصل نام ہی تخلص کے طور پر استعمال کیا لیکن الطاف حسین نے ''حالیؔ'' کو بطور تخلص استعمال کیا اور اسی سے مشہور ہوئے۔ اب آپ نیچے دیئے گئے شاعروں کے نام پڑھیے اور اِن کے تخلص تلاش کر کے، معلوم کر کے یہاں لکھیے۔

اسد اللہ خان __غالبؔ__ میر تقی __میرؔ__ غلام مُصطفیٰ __تبسمؔ__ احمد فراز __فرازؔ__
ناصر کاظمی __ناصرؔ__ عبدالحفیظ __حفیظؔ__ علامہ اقبال __اقبالؔ__ میر ببر علی __انیسؔ__